© rasailojaraid.com

جامعہ کے اساتذہ و طلبہ اور تمام جماعتی احباب مرحوم کے ورثاء کے غم میں شریک ہے اور ان کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ ان کے صاحبزادگان ان کیلئے صدقہ جاریہ بنیں گے۔

## شیخ محمد جاوید (صائمہ کلاتھ سنٹر) کو صدمہ

کلاتھ مرچنٹس ایسوسی ایشن کے صدر شیخ محمد جاوید صاحب کے سسر شیخ احسان الحق طویل بیماری کے بعد گزشتہ دنوں فوت ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## محمود بٹ، مسعود بٹ، مقصود بٹ، یونس بٹ وغیرہ کو صدمہ

محمود بٹ کی والدہ محترمہ گذشتہ دنوں اللہ کو پیاری ہو گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی نیک، متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ اکثر اوقات تلاوت قرآن پاک میں مشغول رہتیں۔ شب زندہ دار اور صوم وصلوۃ کی پابند تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی غلطیوں کو معاف فرمائے۔ اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

## حکیم راجہ احمد خان (پنڈر توال) کی وفات

پنڈر توال کی ہر دلعزیز شخصیت جناب حکیم راجہ احمد خان رمضان المبارک میں وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اعلیٰ اخلاق کے مالک اور بڑے ہمدرد انسان تھے۔ جماعت کے ساتھ قلبی تعلق اور جماعت کے لیے قربانی دینے والے بزرگ تھے۔ بڑھاپے کے باوجود مسلک کے لیے بڑا جوش و جذبہ رکھتے تھے۔ جمعہ کے علاوہ اکثر نمازیں بھی مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں ادا کرتے تھے۔ پنڈر توال میں ان کی نماز جنازہ مولانا غلام مصطفیٰ صاحب نے پڑھائی۔ ادارہ حرمین اور جامعہ کے اساتذہ و طلبہ مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے صاحبزادگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین۔

## ارشد فاروق سیٹھی صاحب کو صدمہ

انجمن اہلحدیث جہلم کے سرگرم کارکن ارشد سیٹھی صاحب کی ساس کا گذشتہ دنوں لاہور میں انتقال ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس عطا کرے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

## شیخ محمد اظہر بن شیخ محمد نذیر مرحوم کو صدمہ

شیخ محمد اظہر نذیر و شیخ محمد مظہر نذیر کی والدہ محترمہ رمضان المبارک میں اللہ کو پیاری ہو گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ادارہ حرمین و جامعہ انکے ورثاء کے غم میں شریک ہے۔ اور تہہ دل سے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی غلطیوں سے درگزر فرمائے۔اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔آمین۔

## شیخ غلام رسول صاحب اور منشی عبدالستار صاحب کے لیئے دعائے صحت کی اپیل

گذشتہ دنوں شیخ غلام رسول صاحب اچانک شدید بیمار ہو گئے۔اس دوران انہیں فالج کی بھی تکلیف ہوئی اب وہ بستر علالت پر ہیں۔اس کے علاوہ منشی عبدالستار صاحب بن منشی کرم داد مرحوم بھی سخت علیل ہیں۔قارئین حرمین سے درخواست ہے کہ وہ ان کیلئے خصوصی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین۔

## قارئین حرمین کے لیے خوشخبری

علامہ الشیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہابؒ کی مشہور عالم تصنیف کتاب مختصر سیرت الرسولؐ کا اردو ترجمہ چھپ کر منظر عام پر آچکا ہے۔808 صفحات کی ضخیم مجلد کتاب حاصل کرنے کے لیے حرمین کا خریداری نمبر کا حوالہ دے کر مبلغ 40روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیں۔ علماء وطلبہ اور لائبریریوں کے لیے زرسالانہ میں خصوصی رعایت ہے۔کتاب محدود تعداد میں ہے۔لہذا جلد رابطہ کریں۔

پتہ : حافظ عبدالحمید عامر مدیر حرمین جامعہ علوم اثریہ پی،او، بکس نمبر 11 جہلم

---

بقیہ : ملینیم(2000) کا آغاز.......

........ بیری کی خاردار جھاڑیوں کے علاوہ کوئی چیز ایسی نہیں رہی جو شکم سیری کا ذریعہ بن سکے، غرض سابقہ اقوام کی بربادیاں ہم سے کہہ رہی ہیں کہ جب کسی قوم میں سرکشی اور طغیانی پیدا ہو جائے تو وہ کس طرح تباہ وبرباد کر دی جاتی ہے ؟ ﴿واذا أردنا أن نهلك قريةً أمرنا مترفيها ففسقوا فيها فحق عليها القول فدمرنا ها تدميراً﴾ ”جب کسی قوم کی تباہی کا فیصلہ کر لیا جاتا ہے، تو اس کے خوشحال باشندوں کو ڈھیل دے دی جاتی ہے اور وہ خوب عیش ومستی کرنے لگتے ہیں اور جب فسق وفجور کا زور ہوتا ہے تو انہیں تہس نہس کر دیا جاتا ہے“ (بنی اسرائیل :١٦) اور کبھی فسق وفجور کے باوجود مہلت دی جاتی ہے۔﴿ ولو يوا خذالله الناس بظلمهم ماترك عليها من دابة ولكن يو خرهم الى أجل مسمىً﴾ ”اگر اللہ تعالیٰ انسان کی زیادتیوں پر فوری گرفت کرے تو زمین پر کوئی رہ نہ سکے،اس لئے کبھی ایک گھڑی مہلت دے دی جاتی ہے لیکن غافل ہے وہ شخص جو اللہ کے عذاب سے بے پرواہ ہو کر زندگی بسر کرے اور نادان ہے وہ قوم کہ اس مہلت کو سستی اور غفلت میں گزارے“۔ (النحل :٦١)

(بشکریہ :ماہنامہ صراط مستقیم برمنگھم)



© rasailojaraid.com